بسم اللہ الرحمن الرحیم

گناہ کبیرہ جو توبہ کے بغیر معاف نہیں ہوتے اور ان کی وجہ سے اوراد و وظائف کا اثر نہیں ہوتا، دعائیں قبول نہیں ہوتیں اللہ کی مدد نہیں آتی، ہر وقت پریشانی، بے برکتی، بے چینی اور بے سکونی رہتی ہے البتہ ان وظائف کا آخرت میں ثواب ملے گا تاہم دنیا میں ان کے اثرات سے محروم رہے گا

۱	اللہ کی کسی بھی صفت یا کام میں کسی کو شریک سمجھنا	۲	اللہ کے سوا کسی کے نام کی نذر، نیاز، منت دینا یا جانور ذبح کرنا	۳	اللہ کے سوا کسی بھی ہستی یا کسی قبر کو سجدہ کرنا
۴	جادو کرنا یا کروانا یا اس میں مدد کرنا	۵	سودی لین دین کرنا یا اس میں تعاون کرنا	۶	خلاف شریعت فیصلہ کرنا
۷	ناحق قتل کرنا یا تعاون کرنا	۸	زنا کرنا	۹	نجومیوں کی باتوں پر یقین کرنا
۱۰	خودکشی کرنا	۱۱	اپنا کوئی عضو بغیر کسی شرعی عذر کے کاٹنا	۱۲	چوری کرنا اور ڈاکہ مارنا
۱۳	ناجائز ذخیرہ اندوزی یا مصنوعی قحط پیدا کرنا	۱۴	جھوٹا خواب بیان کرنا	۱۵	(تکبر سے) شلوار ٹخنوں سے نیچے لٹکانا
۱۶	عمداً جھوٹی قسم اٹھانا	۱۷	اپنے باپ یا خاندان کے علاوہ غیر کی طرف نسبت کرنا	۱۸	پردہ دری یا عیب جوئی کرنا
۱۹	غیر اللہ کی قسم اٹھانا	۲۰	جان بوجھ کر نماز چھوڑنا	۲۱	وعدہ توڑنا
۲۲	زکوٰۃ اور عشر ادا نہ کرنا	۲۳	بلا مجبوری ماہ رمضان کا روزہ ترک کر دینا	۲۴	استطاعت کے باوجود حج نہ کرنا
۱۲۵	حرام آمدنی صدقہ کی نیت سے دینا	۲۶	کسی عورت یا وارث کو حق وراثت نہ دینا یا کم دینا	۲۷	جوا کھیلنا
۲۸	حاکم کا ناجائز ٹیکس لگانا	۲۹	تہمت یا بہتان لگانا	۳۰	تکبر کرنا اور دوسروں کو حقیر سمجھنا
۳۱	غیبت کرنا	۳۲	تقدیر پر شکوہ یا اعتراض کرنا	۳۳	مسلمانوں کے درمیان پھوٹ ڈالنا
۳۴	رشوت لینا	۳۵	قطع رحمی کرنا	۳۶	بدعت ایجاد کرنا یا تعاون کرنا
۳۷	کسی کو ناجائز اذیت دینا اور بلاوجہ ستانا	۳۸	فساد کی نیت سے چغلی کرنا	۳۹	بدفعلی (لواطت) کرنا
۴۰	منشیات استعمال کرنا	۴۱	حرام اشیاء کی خرید و فروخت کرنا	۴۲	حرام مال کھانا اور استعمال میں لانا
۴۳	کسی کا حق دبا لینا یا ادا نہ کرنا	۴۴	والدین کی جائز کاموں میں نافرمانی کرنا	۴۵	کسی عالم، بزرگ یا صحابی کی توہین یا گستاخی کرنا
۴۶	کفار سے عمداً مشابہت کرنا	۴۷	ترک سنت پر ڈٹ جانا اور مسلسل عمداً ترک کیئے رکھنا	۴۸	کسی بھی قسم کی امانت میں خیانت کرنا
۴۹	ریاکاری کرنا	۵۰	کسی شعار اسلام کا مزاق اڑانا اور توہین کرنا	۵۱	ناپ تول میں کمی کرنا
۵۲	مجسمہ سازی کرنا	۵۳	بغیر شدید مجبوری کے ضرورت پڑنے پر حق گواہی نہ دینا	۵۴	کس آیت کا غلط مطلب نکالنا
۵۵	کسی نبی پر جھوٹ بولنا	۵۶	کسی بھی گناہ کبیرہ میں تعاون کرنا یا اس کا ذریعہ بننا	۵۷	عورت کا شوہر کی نافرمانی کرنا
۵۸	اپنی حیثیت کے مطابق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہ کرنا			۵۹	کسی سنت کی توہین کرنا
۶۰	دورخی (منافقت) کرنا جس سے فساد رنجش پیدا ہو			۶۱	کسی پر ناجائز لعنت بھیجنا
۶۲	مرد کے لیئے سونا یا ساڑھے چار ماشہ کی انگوٹھی سے زیادہ چاندی استعمال کرنا			۶۳	جھوٹی گواہی دینا
۶۴	کسی کے معاملہ کو تڑوا کر اس سے اپنا معاملہ کرنا (مثلاً منگنی پر منگنی یا سودے پر سودا کر دینا)			۶۵	کسی کے خفیہ معاملات کا تجسس کرنا اور ٹوہ لگانا
۶۶	زمانہ جہاد میں اپنی حیثیت کے مطابق جانی، مالی یا انتظامی تعاون یا خدمت نہ کرنا			۶۷	مردوں اور عورتوں کا ایک دوسرے کی مشابہت کرنا
۶۸	زینت کے لیئے جسم کے کسی حصے کی قطع و برید کرنا مثلاً دانتوں میں فاصلہ پیدا کرنا بھوئیں نوچنا نقش و نگار بنانا			۶۹	عمداً بدنظری کرنا
۷۰	غیر مسلم اور کفار سے دلی دوستی کرنا جس سے امت مسلمہ کو نقصان ہو یا مسلمانوں کے راز دینا			۷۱	سوداسلف میں دھوکہ دینا جھوٹ بولنا
۷۲	سخت مجبوری کے بغیر عورت کا پردہ نہ کرنا اور بن سنور کر نکلنا			۷۳	میدان جہاد سے بھاگنا
۷۴	نابالغ یتیم کے کسی کام کی مناسب اجرت یا معروف معاوضہ کے علاوہ اس کا مال کھانا (اگرچہ نابالغ اجازت دے کیونکہ نابالغ کی اجازت کا اعتبار نہیں)				

اکثر علماء کے نزدیک مندرجہ ذیل بھی گناہ کبیرہ ہیں

۱	بدشگونی اور بدفالی لینا	۲	داڑھی منڈانا	۳	میت پر بین اور نوحہ کرنا
۴	کسی چیز کو نحس قرار دینا	۵	پیشاب سے احتیاط نہ کرنا	۶	جانور کو سخت اذیت دینا
۷	عورتوں کا قبرستان جانا	۸	علم چھپانا	۹	احسان جتلانا